Rampur State Gazette

[illegible]

نمبر ۲۷ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۱ صفر ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۵ مئی ۱۹۳۵ء جلد ۲۴

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	تفویض عہدہ اسٹیٹ پریس بجائے سکریٹری تعلیم اسٹیٹ کونسل	۲	۳	عطائے رینک آنریری "لفٹننٹ" بہ صوبیدار محمد شاہ خاں تھرڈ رامپور رفت انفنٹری	۴
(۲)	رخصت صاحب کرنل آرمی منسٹر بہادر	"			
(۳)	صراحت بابت ترسیل کاغذات اجلاس ہمایوں بہ جلسہ مجالس شوری	۳٫۲			

آرڈرز آن اسٹیٹ کونسل رامپور

۵	منظوری الاؤنس در تنخواہ ڈاکٹر شوکت اللہ خاں	۲	۲	منظوری تعین تعلیم و معاوضہ ماسٹر ... الاؤنس ... پیسہ	۶

حکم اسٹیٹ کونسل رامپور

۷	منظوری توسیع ملازمان بندوبست جدید	۲			

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

روبکار　　واقع ۱۸ مئی ۱۹۳۵ء

حسب رپورٹ صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر منسلکہ روبکار ہذا صیغہ اسٹیٹ پریس بجائے صاحب کنٹرولر بہادر کے صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل کے تفویض کیا جانا منظور ہے۔ بماتحتی صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر اسٹیٹ پریس کا کام کرینگے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ہائی آرڈر

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار　　واقع ۱۸ مئی ۱۹۳۵ء

صاحب آرمی منسٹر بہادر کی رخصت تا ۲۰ مئی لغایت یکم جون ۱۹۳۵ء مسوری جانے کے لئے منظور کیجاتی ہے دوران کا معمولی کام لفٹننٹ کرنل والا حسین خان کمانڈنگ افسر رسالہ رامپور متعلق افسری انجام دینگے۔ غیر معمولی معاملات کے متعلق صاحب آرمی منسٹر بہادر کا حکم حاصل کیا جائے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ہائی آرڈر

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:-　　واقع ۲۰ مئی ۱۹۳۵ء

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

بمنشاے روبکار ۳۰ اپریل ۱۹۳۵ء متعلق سفر مسوری اجلاس ہمایوں کے کاغذات صاحب چیف منسٹر بہادر "ہائی آرڈر" دستخط کر رہے ہیں۔ اب حکم دیا جاتا ہے کہ اجلاس ہمایوں کے کاغذات ہر تیسرے روز مابدولت کے ملاحظہ میں مسوری بھیجے جائیں۔ روانگی ڈاک کا یہ انتظام رکھا جائے کہ اگر ہرکارہ مسوری آتا ہو تو اس کے ذریعے ورنہ بائی پوسٹ بھیجے جائیں۔ ضروری کاغذات ہر روزہ بھیجے جائیں۔ یا بذریعہ تار حکم حاصل کیا جائے

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل حسب صدر بالا صاحب چیف منسٹر بہادر

کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام مناسبہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۲۲ رمئی ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب نائب منشی

حکم :-

(مشوری، مورخہ ۲۲ رمئی ۱۹۳۵ء)

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و حکمہم)

بموجب رپورٹ صوبہ دار محمد شاہجہاں خاں پنشنر کو آنریری رینک "لفٹنٹ" دیا جانا منظور ہے۔ اس رینک سے پنشن وغیرہ پر کچھ اثر نہیں ہوگا۔ صوبہ داری کی پنشن ملیگی سررشتہ صدر سے احکام مناسبہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

اعلیحضرت بندگانحضور پر نور دام اقبالہم و حکمہم

بعز عرض	جنابعالی	پیش ۲۰ ر مئی ۱۹۳۵ء

صوبہ دار محمد شاہجہاں خاں صاحب تھرڈ رامپور رفعت انفنٹری سے یکم مئی سے پنشن پر ریٹائر کئے گئے ہیں۔ ساڑھے تین سال تک فرسٹ امپیریل رضا انفنٹری کے ہمراہ فیلڈ سروس پر رہے۔ دیرینہ ملازم ہیں بلحاظ حسن خدمات فیلڈ سروس آنریری رینک لفٹنٹ چاہتے ہیں۔ کمانڈنگ افسر صاحب تھرڈ رامپور رفعت انفنٹری سفارش کرتے ہیں۔ ترتیبخواہ بھی سفارش کرتا ہے کہ ان کو پروردشاہی "آنریری لفٹنٹ" کا رینک عطا فرمایا جائے تو ذرہ نوازی ہے۔ اس رینک سے پنشن وغیرہ پر کچھ اثر نہیں پڑے گا۔ صوبہ داری کی ہی پنشن پائیں گے۔

واجب تھا عرض ہے

دولت و اقبال لازوال باد

عرضی ترتیبخواہ دستخط صاحب بہادر کمانڈر انچیف

۲۰ ر مئی ۱۹۳۵ء

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل

واقع ۱۰ رمئی ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۱۰ رمئی ۱۹۳۵ء میں کاغذات شمول الاؤنس پچاس روپیہ ماہانہ در تنخواہ ڈاکٹر شوکت اللہ خاں مشاہرہ دار یکصد روپیہ از یکم اپریل ۱۹۳۵ء پیش ہو کر طے پایا کہ:-

پچاس روپیہ ماہانہ الاؤنس یکم اپریل ۱۹۳۵ء سے شامل تنخواہ ڈاکٹر شوکت اللہ خاں کیا جانا منظور ہے بجٹ سنہ ۳۶-۱۹۳۵ء میں عملدرآمد ہو چکا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل

واقع ۲۱ رمئی ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۰ رمئی ۱۹۳۵ء میں تجویز صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس بابت منظوری تعین تعداد ملازمان پولیس و گریڈ بندی مع الاؤنس پیش ہو کر طے پایا کہ:-

چونکہ بجٹ سال سنہ ۳۶-۱۹۳۵ء میں اسکیم مفصلہ تحت کا یکم مئی ۱۹۳۵ء سے عملدرآمد ہو چکا ہے۔ لہذا بصراحت تحت منظوری ضابطہ دیجاتی ہے

(۱) تعداد ملازمان جنرل پولیس:-

عہدہ	تعداد	کیفیت
انسپکٹر ...	ایک	
سب انسپکٹر ...	ایک	
ہیڈ کانسٹبل ...	نو	گریڈ اول گریڈ دوم گریڈ سوم
نائک ...	گیارہ (۱۱)	
کانسٹبلان ...	ایکسو بیس (۱۲۰)	

گریڈ تنخواہ:-

عہدہ	تنخواہ
انسپکٹر ...	[illegible]
سب انسپکٹر	[illegible]
ہیڈ کانسٹبل گریڈ اول	[illegible]
ہیڈ کانسٹبل گریڈ دوم	[illegible]
ہیڈ کانسٹبل گریڈ سوم	[illegible]
نائک ...	[illegible]
کانسٹبلان گریڈ اول	[illegible]
کانسٹبلان گریڈ دوم	[illegible]
کانسٹبلان گریڈ سوم	[illegible]
کانسٹبلان گریڈ چہارم	[illegible]

(۲) تعداد ملازمان سول پولیس:-

عہدہ	تعداد	کیفیت
انسپکٹر ...	تین	
سب انسپکٹر ...	تہائیس	گریڈ اول گریڈ دوم گریڈ سوم گریڈ چہارم
ہیڈ کانسٹبلان	چھیالیس (۴۶)	گریڈ اول گریڈ دوم (۱۲) گریڈ سوم (۲۲)
نائک ...	اکتیس (۳۱)	

عہدہ تعداد کیفیت

کانسٹبلان ... چارسو ترانوے (۴۹۳)

گریڈ و تنخواہ۔ عہدہ تنخواہ

عہدہ	تنخواہ
انسپکٹر	[illegible]
سب انسپکٹر گریڈ اول	[illegible]
سب انسپکٹر گریڈ دوم	[illegible]
سب انسپکٹر سوم	[illegible]
سب انسپکٹر گریڈ چہارم	[illegible]
ہیڈ کانسٹبل گریڈ اول	[illegible]
ہیڈ کانسٹبل گریڈ دوم	[illegible]
ہیڈ کانسٹبل گریڈ سوم	[illegible]
نائک	[illegible]
کانسٹبل گریڈ اول	[illegible]
کانسٹبل گریڈ دوم	[illegible]
کانسٹبل گریڈ سوم	[illegible]
کانسٹبل گریڈ چہارم	[illegible]

(۳) کانسٹبلان آرمڈ و سول پولیس کی گریڈ وار ترقی ہر ماہ جب صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس بصراحت تحت منظور فرمائیں گے

(الف) گریڈ چہارم سے گریڈ سوم پر
بلحاظ حسن خدمات و مدت ملازمت۔ تین (۳) سال

(ب) گریڈ سوم سے گریڈ دوم پر جانا
حسن خدمات و مدت ملازمت۔ دس (۱۰) سال

(ج) گریڈ دوم سے گریڈ اول پر جانا
حسن خدمات و مدت ملازمت۔ سترہ (۱۷) سال

(۴) منظور شدہ الاؤنس افسران و ملازمان پولیس۔

الف۔ کوتوالی۔ گنج۔ شاہ آباد۔ ملک۔ بلاسپور اور سوار میں بیس روپیہ ماہوار والی شہر۔ پٹوائی۔ کیمری۔ عظیم نگر۔ ... میں پندرہ روپیہ ماہانہ پنشن یا ... الاؤنس ملیگا۔

ب۔ کورٹ سب انسپکٹر اول کو بیس روپیہ اور کورٹ سب انسپکٹر دوم کو دس روپیہ ماہانہ الاؤنس دیا جائے گا۔

ج۔ پیشکار صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو پندرہ روپیہ۔
پیشکار صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کو دس روپیہ۔
پیشکار ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کو پانچ روپیہ ماہانہ اور اسسٹنٹ پیشکاران صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس و صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس و ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کو دو دو روپیہ ماہوار الاؤنس ملیگا۔

د۔ انسپکٹران و سب انسپکٹران علاوہ سب انسپکٹر میونسپل رنگروٹان پندرہ ... روپیہ ماہانہ الاؤنس پائیں گے۔

ہ۔ ایسے ایک سو کانسٹبلان کو جو اردو و ہندی خواندہ ہوں یا جن میں خاص قابلیت سراغرسی ہو فی کس ایک روپیہ ماہوار الاؤنس دیا جائے گا۔

و۔ آرمڈ پولیس کے کل کانسٹبلان دو دو روپیہ ماہوار الاؤنس پائیں گے۔

ز۔ ہر بگلر کو دو روپیہ ماہوار بگل الاؤنس ملیگا۔

ح۔ ایسے سب انسپکٹران کو جو شہر کے باشندہ نہیں ہیں فی کس آٹھ روپیہ۔ ہیڈ کانسٹبلان و نائکان کو فی کس چار روپیہ اور کانسٹبلان کو دو روپیہ ماہوار کرایہ مکان دیا جائے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ احکام ضابطہ جاری ہو۔ ... درج گزٹ کیا جائے۔ دستخط صاحب چیف منسٹر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم:- واقع ۲۲ مئی ۱۹۲۵ء

حسب تحریر صاحب مدیر شعبہ جات ملازمان بندوبست جدید مصرحہ تحت کی مدت ملازمت میں تاریخ ختم مدت سے تا آخر ستمبر ۱۹۲۵ء توسیع منظور کی جاتی ہے بجٹ ۲۶-۱۹۲۵ء میں یہ رقم رکھ لی گئی ہے

نمبر شمار	نام اہلکاران	تنخواہ	تاریخ ختم مدت	کیفیت
۱	بابو اشرفی لال	سے	۳۰ اپریل ۱۹۲۵ء	
۲	بابو جودھیا پرشاد	عــہ	۱۰ مارچ ۱۹۲۵ء	
۳	منشی جگدیش سرن	عــہ	۳۰ اپریل ۱۹۲۵ء	
۴	بابو رام کمار	عــہ	۲ اپریل ۱۹۲۵ء	
۵	بابو رام کمار	عــہ	۹ اپریل ۱۹۲۵ء	
۶	بابو دیوکی نندن	عــہ	۱۰ اپریل ۱۹۲۵ء	
۷	منشی نادر شاہ خاں	عــہ	۹ اپریل ۱۹۲۵ء	
۸	منشی محمد حیدر	عــہ	۱۳ اپریل ۱۹۲۵ء	
۹	منشی اوما شنکر	عــہ	۱۴ مارچ ۱۹۲۵ء	محمد یار خاں کا نام خارج کیا جائے اور بجائے ان کے اوما شنکر تقرر کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام مناسبہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے اسٹیٹ کونسل میں پیش ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر